

Preston
City Council

## کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ 2.0-پریسٹن میں بحالی اور ابھرنے کی صلاحیت کے بارے میں

### کونسلر براؤن کی طرف سے

یہ حکمت عملی پریسٹن میں کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کی ایک مضبوط بنیاد پر تیار کی گئی ہے۔ ہم نے اس کے لئے ایک اہم کردار ادا کیا ہے جس میں مختلف کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کے کاموں جس میں کئی ترقیاتی کام شامل ہیں۔ ان میں پورے نارتھ ویسٹ میں پہلی لوکل اتھارٹی بننے کا اعزاز حاصل کرنا شامل ہے جس نے لوگوں کی معیاری زندگی کے مطابق اچھی تنخواہ دینے اور معاشی طور پر نارتھ ویسٹ میوچل بنک کے ساتھ کام کی وجہ سے ہے۔ ہم نے شہر کے اہم اداروں کے ساتھ مل کر ترقیاتی منصوبوں اور میونسپل کی اہم جائیدادوں کی ملکیت حاصل کر کے تعمیراتی کاموں اور روزگار، اپرینٹس اور ٹریننگ کے مواقع فراہم کئے جس میں پریسٹن، ساوتھ ربل اور لنکاشائر سٹی ڈیل شامل ہیں۔

اب کورونا وائرس کے حوالے سے کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کی ضرورت اور مواقع پہلے سے بھی زیادہ ضروری ہیں۔ ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ہم اپنے ایجنڈے کو ترقیاتی کاموں، خاص طور پر اہم ورکرز کے لئے بہتر تنخواہ، معاشی صورت حال کی جمہوری طور پر پیش کرنا اور اپنے ایجنڈے کو مختلف ذرائع سے پریسٹن کی بہتری کے لئے کرنا ہے۔

پچھلے چند ہفتے بہت مشکل تھے لیکن مطمئین ہیں کہ ہماری حکمت عملی ہمیں مزید آگے بڑھنے اور راہنمائی میں بہتر ثابت ہو گی جس میں کمیونٹی کی بہتری اور معاشی حالات کا مقابلہ کرنا شامل ہے۔ اس سے ہم نہ صرف مستقبل میں اس قسم کی وباوں کا مقابلہ کر سکیں گے بلکہ ہنگامی صورتحال سے بھی اچھی طرح مقابلہ کر سکیں گے۔

کونسلر میتھو براون
لیڈر، پریسٹن سٹی کونسل

### کونسلر بیلی کی طرف سے

کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کا کیس پہلے سے بھی اب زیادہ مضبوط ہے کیونکہ کورونا وائرس نے واضح طور پر ہمارے لوگوں، کمیونٹی اور کاروبار پر بہت اثر ڈالا ہے۔ یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم جو کچھ بھی کریں وہ پریسٹن کو معاشی طور پر بہتر بنانے کی بہتری اور ترقی میں ہو۔

ہم اپنی کمیونٹی کی بہتری کے لئے سب کچھ کرنا چاہتے ہیں جس کا ثبوت پچھلے چند ماہ میں ہمیں مل گیا جہاں ہمارے کونسلروں اور افسروں نے نہایت محنت سے مقامی تنظیموں اور پارٹنر ایجنسیوں کے ساتھ مل کر اس وبا کو قابو پانے میں بہت کام کیا۔ جیسا کہ کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ ہمیشہ پریسٹن میں رہی یہ حکمت عملی مل جل کر کام کرنے اور بہتر اشتراک پر توجہ دے رہی ہے جو کونسل کے اندر اور باہر کے اداروں اور ساتھ مل کر کام کرنے والوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔ ہم شکر گزار ہیں اور مانتے ہیں کہ کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ اور شہر کو فائدہ پہنچانے میں ان کا کتنا اہم کردار ہے۔

کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ میں ہمارا مقصد پریسٹن کی بہتری ہے لیکن ہم فخر سے اس حکمت عملی کو پیش کر رہے ہیں جو ہم سب کے لئے اس مشکل وقت میں عملی طور پر بہتر ہے۔

کونسلر فریڈی بیلی
کیبنٹ ممبر۔ کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ

## کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ 2.0-پریسٹن میں بحالی اور ابھرنے کی صلاحیت

کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کا مقصد مقامی لوگوں کو معاشی طور پر فعال بنانا ہے۔ یہ مقامی معشیت کو مقامی نظام میں رکھتے ہوئے اور باہر جانے کے عمل کو کم بنانے کے لئے کام کر رہی ہے تاکہ زیادہ تر معاشی سرگرمیاں آپس میں تقسیم کی جائیں اور مقامی لوگوں اور کاروبار میں دوبارہ شامل کی جائیں۔

کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ کا کیس اب پہلے سے بھی زیادہ مضبوط ہے کیونکہ ہم کورونا وائرس کی وجہ سے مالی طور پر اور صحت پر ہونے والے اثرات سے بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔ معاشی ادارے اور کاروبار اس سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی نوکریاں ختم ہو گئی ہیں۔ آمدن میں غیر مساوی تقسیم کے باعث شہر کی صحت اور فلاح و بہبود کی وجہ سے کورونا وائرس کی وجہ سے کم آمدنی والے لوگ جن میں سیاہ فام اور ایشیائی لوگ بھی شامل ہیں بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ کورونا وائرس سے پہلے کی دنیا کے حالات کو ایک بار دوبارہ لانے کی صلاحیت کا مقابلہ کرنے کے بارے میں کسی حد تک معلوم ہو سکا ہے اور اس سے ہنگامی موسمی صورتحال کا مقابلہ کرنا اس سے بھی زیادہ خطرے میں ہے۔

کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ (سی ڈبلیوبی) نے اس صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے بہت حد تک کام کیا ہے تاکہ مضبوط مقامی معاشی ترقی کو فروغ دیا جائے جس سے آئندہ آنے والے کسی قسم کے بحران کا بہتر طور پر مقابلہ کیا جائے۔

پریسٹن سٹی کونسل اس کے جواب میں 2012 سے کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ تیار کر رہی ے۔ ایک ایمپلائر ہونے کے ناطے اس سے اپنے اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے اشیا اور سروسز کی خریداری اور اپنی لیڈر شپ کی حیثیت سے کامیابی سے معشیت کو بہتر بنانے میں بہت کام کیا۔ اس طریقہ کار کو عام طور پر لوگ "دی پریسٹن ماڈل" کے نام سے جانتے ہیں۔ اس کی کامیابی میں کونسل نے مندرجہ ذیل کام کئے ہیں۔

- مقامی معشیت میں زیادہ توجہ دی گئی تاکہ لوکل پبلک سیکٹر پارٹنز (یا اینکر) کو بھی ایسا ہی کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔
- سپلائیرز کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ اپنے کنٹریکٹ میں "سوشل اقدار" کو شامل کر کے ٹریننگ اور ملازمت کے مواقع فراہم کریں۔
- نارتھ آف انگلینڈ میں پہلی لوکل اتھارٹی کا اعزاز حاصل کیا جسے دی ریل لیونگ ویج فاونڈیشن کی طرف سے منظوری ملی اور اب ہم نے شہر کے بہت سے ایمپلائرز کو بھی ایسا کرنے کا کہا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مقامی ملازمتیں، اپرینٹس شپ اور ٹریننگ سٹی ڈیل کا اہم حصہ ہوں اور انہیں اپنے منصوبے کے عمل میں شامل کریں۔
- مقامی معشیت میں مل جل کر اس کا حصہ بننے کی حمایت کرتے ہوئے شہر کے سنٹر میں اہم عمارتوں پر براہ راست سرمایہ کاری کرنا، سروسز کو واپس خود مہیا کرنے، لوگوں کی کوآپریٹو اور کمیونٹی بزنس کی حمایت کرنا شامل ہے۔
- ریجنل ڈویلپمنٹ بنک قائم کر کے اور لنکا شائر کاونٹی پینشن فنڈ کی سرمایہ کاری کر کے مقامی طور پر مزید دولت مہیا کرنا ہے۔

یہ حکمت عملی مضبوط بنیاد مہیا کرتا ہے جس سے نئی پالیسی تیار کی جارہی ہے جو کورونا وائرس کا مقابلی کرے گا۔ پریسٹن پارٹنرشپ سٹی انویسٹمنٹ پلان اور سٹونی گیٹ رجنریشن فریم ورک اعلی نئے مواقع ہیں جو کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر شہر کی ترقی میں بہتر ثابت ہو گی۔ کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ کا کونسل کے موسمی بحران کے جواب میں ایک اہم کردار ہو گا اور اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ سبزہ زار اور نئے مواقع مہیا کئے جائیں جہاں کمیونٹی حصہ دار بنے اور سرمایہ کاری کرے۔

پریسٹن میں کورونا وائرس کے دوران تجربہ مذاہب، رضاکارانہ تنظیموں، کمیونٹی آرگنائزیشن اور ٹریڈ یونین کی بہتر کارکردگی کا ضامن ہے۔ ان تنظیموں کی طرف سے کورونا وائرس کے دوران خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ یوکے سٹیزن کی حالیہ پریسٹن میں قائم ہونے والی نئی برانچ جس کا مقصد ان تنظیموں کو اکٹھا کر کے مشترکہ طور پر کمیونٹی ایجنڈے کو حالات کی بہتری کے لئے کام کرنا ہے۔ اس میں ہائی سٹریٹ کی بہتری بھی شامل ہے کیونکہ کورونا وائرس کے بحران کی وجہ سے کاروبار اور ریسٹورنٹ وغیرہ بہت حد تک متاثر ہوئے ہیں۔

پریسٹن کے علاوہ کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ اس بات کا خیال رکھے گا کہ 2021 کے آغاز میں لنکا شائر بھر میں مقامی مخصوص اور اہم ترقیاتی منصوبوں کا ایک چیلینج ہے۔ کمیونٹی ویلتھ بلڈ نگ کو احسن طریقے سے چلانے کی وجہ سے اب پریسٹن لنکا شائر لیڈر اور لنکا شائر انٹر پرائز پارٹنرشپ کاونٹی اور ریجن میں منصوبہ بندی سے تعمیری کام کرے گی۔

اس دستاویز میں آٹھ مختلف کاموں کو ظاہر کیا گیا ہے جس سے پریسٹن کی بہتری میں مدد ملے گی۔

## 1. اشیا اور سروس کے لئے بہتر نظام

مقامی کونسلیں اور دوسری پبلک سیکٹر تنظیمیں مختلف قسم کی اشیا اور سروسز کی خریداری کرتی ہیں۔ "پروگریسو پرکیورمنٹ" کا مقصد کنٹریکٹ لینے کے لئے اشیا کی خریداری کے لئے مقامی اور ہر طبقہ فکر کے کاروبار کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ وہ اس میں حصہ لے سکیں۔

مقامی کوروناوائرس سے معاشی بحالی کے دوران اس بات کا خیال رکھا جائے گا کہ "پروگریسو پریکیورمنٹ" کے لئے مقامی کاروبار اور ملازمتوں کو فروغ دیا جائے اور معاشرتی اور ماحولیاتی امور کو بہتر بنایا جائے۔ اس کے لئے اہم اقدامات یہ ہیں:

- نئے خریداری کے منصوبے کے مواقع کو مقامی ایس ایم ایز، ورکرز کوآپریٹوز، سوشل انٹرپرائز اور کاروبار کو مہیا کئے جائیں تاکہ وہ اس کے لئے درخواست دے سکیں۔
- خریداری کے نظام کو کونسل کے فریم ورک میں شامل کیا جائے تاکہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ روزگار، ٹریننگ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور حالات میں تبدیلی جیسے امور کا خیال رکھا جائے۔

## 2. معاشرتی اقدار کا خیال رکھنا

"معاشرتی اقدار" کا پبلک کنٹریکٹ اور سروس سے فائدہ مقامی کمیونٹی کو ہوگا۔ ان فائدوں میں روزگار، ٹریننگ، معاشرے کو مضبوط بنانا، مقامی ماحول کی بہتری اور حالات کو بہتر طور پر مقابلہ کرنا شامل ہے۔ ناخوشگوار بحران کے دوران کونسل معاشرتی اقدار کے لئے اپنے وسائل بڑھادے گی۔

- مقامی منصوبے میں کمیونٹی کے فائدے/معاشرتی اقدار کا منصوبہ شامل کردیا جائے گا تاکہ تمام ترقیاتی کاموں میں معاشرتی اقدار کو شامل کیا جائے۔
- اس بات کا خیال رکھا جائے کہ معیاری نئے مکان تعمیر کئے جائیں تاکہ ملازمت اور ہنر کے مواقع مہیا کئے جائیں۔
- نئی فنڈنگ کے مواقع فراہم کرنا جس میں سنٹرل گورنمنٹ پروگرام جس میں اپرینٹس شپ، ٹریننگ اور ہنر کے مواقع فراہم کرنے کے بارے میں غور کیا جائے۔
- سٹاف کے لئے رضاکارانہ اور تربیتی مواقع فراہم کرنے کے بارے میں غور کیا جائے۔
- پارٹنرشپ کام کے تجربے کو فروغ دیتے ہوئے رضاکارانہ، کمیونٹی اور مذہبی تنظیموں کو مزید تعاون مہیا کیا جائے جنہوں نے کوروناوائرس کے بحران کے دوران اہم کام کیا۔
- سول سوسائٹی کے نمائندگان کو ساتھ ملانا جس میں حال ہی قائم ہونے والی سٹیزن یوکے کے پریسٹن چیپٹر اور مقامی ٹریڈیونین شامل ہیں۔
- کلائمنٹ ایکشن پلان تیار کرنا تاکہ کونسل کے کاربن فٹ پرنٹ کی پیمائش کی جائے۔

## 3. زیادہ ملی جلی اور جمہوری معشیت

کوروناوائرس نے کاروبار چلانے کے لئے متبادل طریقہ کار اپنانے پر مجبور کردیا ہے جس میں ورکرز کوآپریٹو شامل ہے۔ اس سے پریسٹن میں مختلف، بہتر اور جمہوری طور پر چلائی جانے والا معاشی نظام قائم ہوگا۔ اس سے کوآپریٹو ڈیلپمنٹ اور کمیونٹی اور میونسپل انرجی کے لئے مزید مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ میونسپل کی ملکیت میں پریسٹن کے سنٹر میں کاروباری فروغ کے لئے اہم عمارتوں کو اپنے قبضے میں لیا جائے گا۔

پریسٹن ان کے ساتھ تعاون کرنے کے لئے بہتر طور پر تیار ہے۔ اس سلسلہ میں اہم نقاط مندرجہ ذیل ہیں:

- نئے کوآپریٹو انٹرپرائز قائم کرنے میں مدد کے لئے فنڈنگ کے مواقع فراہم کئے جائیں۔
- کوآپریٹو ایجوکیشن اور ٹریننگ کو فروغ دینا
- کاروبار کو ورکرز یا ایمپلائرز کی حصہ داری میں شامل کرنے کو فروغ دینا
- کوآپریٹو سرگرمیوں کو اولیت دینا تاکہ معاشی صورت حال کو بہتر بنایا جائے اور معاشی انصاف قائم کیا جائے جس میں کوروناوائرس سے متاثر لوگوں کی مدد کرنا بھی شامل ہے۔
- ترقی یافتہ خریداری کے عمل کو کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کے ساتھ ملانا
- کمیونٹی کی تمام تر توانائی کو کمیونٹی کی دولت کے لئے خرچ کرنا
- پبلک اور پرائیویٹ انویسمنٹ کو پریسٹن ڈسٹرکٹ ہیٹنگ کے لئے مقرر کرنے کے مواقع پر غور کرنا
- میونسپل ڈویلپمنٹ کی 35 ملین پونڈ کے ترقیاتی پروگرام جس میں سنیما، ریسٹورنٹ اور ہریس میوزیم شامل ہے۔

## 4. بہتر اور مساوی روزگار

کوروناوائرس نے فرنٹ لائن ورکرز کو ضروری سروسز مہیا کرنے کے کام کو سامنے لایا ہے لیکن بہت سے ایسے ورکرز کم از کم تنخواہ پر کام کرتے ہیں۔ پریسٹن سٹی کونسل اب 2012 میں رئیل لیونگ ویج ایمپلائر بنی ہے۔ کونسل اب اپنے کام کو مزید بڑھا کر دوسرے ایمپلائرز کو بھی قائل کرے گی کہ وہ ایسا ہی کرکے فرنٹ لائین ورکرز کی قربانی اور بہتر کام کی خاطر انہیں زیادہ تنخواہ دیں۔

پبلک سیکٹر کی بھرتی میں اضافے سے کمیونٹی میں وہ لوگ جنھیں اس عمل میں پہلے شامل نہیں کیا گیا اور خستہ حال صورتحال کا مقابلہ کرنے والے اہم کردار ادا کر سکیں۔ کورونا وائرس کی وجہ سے حالیہ غیر مساوی صورتحال کو مزید متاثر کیا ہے اور اب مخصوص لوگوں کو ملازمت مہیا کرنے کے لئے ٹارگٹ اب پہلے سے بھی زیادہ اہم ہو چکا ہے۔ اس فیصلے پر عمل کرنے کے لئے کونسل پبلک سیکٹر پارٹنرز کے ساتھ مل کر کورونا وائرس سے متاثر ہونے والے علاقوں کے لوگوں کو ملازمت کے مواقع مہیا کرنے پر غور کرے گی۔

کورونا وائرس کی وجہ سے بیروزگاری کے بحران کے جواب میں کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ وہ مساوی اور بہتر ملازمت کے مواقع مہیا کرنے کے لئے کام کرے گی اور نئی ملازمت قائم کرنے اور مہارت کو برقرار رکھنے کے لئے خاص طور پر نوجوان لوگوں اور متاثرہ افراد کے لئے کام کریں گے۔ جیسا کہ سنٹرل گورنمنٹ نے نئی ملازمتوں، ٹریننگ اور دوسرے معاشی پروگرام کا اعلان کیا ہے، کونسل کمیونٹی، پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ مل کر پریسٹن میں زیادہ سے زیادہ ملازمت اور ٹریننگ کے مواقع فراہم کرے گی۔

## 5. مالی صورتحال کو مقامی علاقے کے لئے بنانا

کورونا وائرس سے بحالی اور مستقبل میں ہنگامی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ مقامی معشیت کو فروغ دیا جائے۔ اور مناسب طور پر اس صورت حال سے بحالی کے لئے مال صورتحال کا جائزہ لینا بھی اہم ہے۔ نئی حکمت عملی میں دونوں باتوں کو اہمیت دی گئی ہے۔

پریسٹن سٹی کونسل، لیورپول سٹی کونسل اور ویرل نے مل کر نیا کوآپریٹو بنک نارتھ ویسٹ میوچل بنک قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس سے سے مالی سروسز تک رسائی میں بہتری ہو گی اور بنک سے ہونے والا منافع نارتھ ویسٹ ہی میں رہے گا اور علاقائی بچت کاروباری قرضوں اور مارگیج کی صورت میں مقامی طور پر گردش میں رہے گا۔ این ڈبلیو ایم بی قائم کرنا نئی حکمت عملی کے لئے اہم ترین کام ہے۔

پی سی سی کے ملازمین لنکاشائر کاونٹی پینشن سکیم کے ممبر ہیں۔ جس کی وجہ سے پینشن فنڈ مقامی انویسٹمنٹ کے باعث صاف اور دوبارہ استعمال ہونے والی توانائی میں اضافہ ہو گا۔ لنکاشائر کی دوسری کونسلوں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے کونسل ریجنل انویسٹمنٹ کی حکمت عملی کو فروغ دے گی جس میں سرمایہ کاری میں بہتری آئے گی۔

کمیونٹی میونسپل بانڈز اور کمیونٹی شئیر مالی سرمایہ کاری کا اہم حصہ ہے جس سے مقامی بچت کو کمیونٹی کے فائدے کے لئے پروجیکٹس پر لگائے جائیں گے۔ جیسا کہ کونسل کورونا وائرس کے بحران کے بعد بحالی میں مدد اور معاشرتی اور موسمی صورتحال کے لئے سرمایہ کاری کرے گی۔ یہ مقامی انٹرپرائز اور کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ مل کر پریسٹن میں ان کی اہمیت کو سامنے لائے گی۔

## 6. کونسل کے اثاثوں کو معاشرتی اور ماحولیاتی فائدوں کے لئے استعمال کرنا

مقامی اتھارٹیز زیادہ تر زمینوں اور عمارتوں کی مالک ہوتی ہیں۔ کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کا سب سے اہم کام کہ ان اثاثوں کو معاشرتی اور ماحولیاتی فائدوں کے لئے استعمال کرنا ہے۔ کورونا وائرس سے بحالی میں مدد کے لئے کونسل ایسا کرے گی:

- کونسل کی ملکیت میں زمین پر مقامی پارٹنرز سے مل کر سستے مکانات تعمیر کرنے کے مواقع کو اہمیت دینا
- دوسرے اینکرز اور زمینوں کے مالکوں کے ساتھ مقامی علاقوں میں مکانات کی تیاری کے مواقع فراہم کرنا
- سٹی سنٹر کی روایتی صورتحال کو قائم رکھتے ہوئے اپنے انفراسٹرکچر اور اثاثوں کے سامنے لاکر اعلی معیار کے "اربن ویلیج" قائم کرنا
- دوسرے اینکر اور کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ مل کر شہر کر کاروں، دکانوں اور آفس بلاک کی بجائے میں سفری سہولت، پبلک اور گرین جگہوں کا قیام، صاف توانائی اور سستے مکانات بنائے جائیں گے۔
- کمیونٹی گروپس کے ساتھ مل کر اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ کیسے کونسل کے اثاثوں کو کمیونٹی کے پروجیکٹس کو توانائی کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے لئے کام کرنا ہے۔
- مقامی ماحول کی بہتری کے لئے کونسل کے پارکوں اور وڈلینڈ کو سنبھالنے کا انتظام سب سے اہم ترجیح ہو گی۔

## 7. دوسرے اینکرز کے ساتھ مل کر مل جل کر علاقہ کی بہتری کے لئے کام کرنا

پریسٹن سٹی کونسل کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ کے پروگرام کو اکیلے میں نہیں بلکہ دوسرے اینکر کے ساتھ مل کر کام کرنے پر زور دیتی ہے تا کہ بہتر طور پر کام ہو سکے۔ کمیونٹی ویلتھ بلڈنگ دوسروں کے ساتھ کام کرنے پر یقین رکھتی ہے اور یہ نئی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ رہے گی۔ اس کے اہم کام یہ ہیں:

- پریسٹن اور سنٹرل لنکاشائر میں "پروگریسو پروکیورمنٹ کمیونٹی" کو شامل کرنا
- مقامی پارٹنرز اور منسٹری آف جسٹس اور این ایچ ایس کے ساتھ مل کر جیل سے رہا ہونے والے لوگوں کے لئے پائیلٹ کو آپریٹو قائم کرنا۔
- اینکرز جس میں این ایچ ایس بھی شامل ہے کو روزگار مہیا کرنے کے لئے بیروزگار اور خستہ حال لوگوں کو مواقع فراہم کرنے کے لئے کہنا
- ڈسٹرکٹ ہیٹنگ حاصل کرنے کے بارے میں یونیورسٹی آف لنکاشائر، لنکاشائر کاونٹی کونسل اور دوسرے اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنا
- کمیونٹی انرجی پروجیکٹ کے بارے میں مقامی کمیونٹی گروپس اور دوسرے اینکرز کے ساتھ کام کرنا

## 8. لیڈر شپ

کونسل لنکاشائر انٹرپرائز پارٹنرشپ، لنکاشائر لیڈرز اور لنکاشائر کمبائینڈ اتھارٹی کے ساتھ مل کر یہ کام کرے گی:

- بہتر بحالی کے لئے معاشرتی اور سبزہ زار (ہاوسنگ، دوبارہ استعمال ہونے والی توانائی، ٹرانسپورٹ) اور کاربن میں کمی لانے کے کام میں ڈھانچہ تیار کرنا۔
- اس بات کا خیال رکھنا کہ سٹی ڈیل، سٹونی گیٹ ماسٹر پلان، ٹرانسفارمنگ سیٹیز اور ٹاون ڈیل سے بہتر بحالی کا عمل ہو۔
- کمیونٹی پارٹنرز کی ہر مرحلے پر رائے اور دلچسپی کی نمائندگی ہونی چاہیئے۔
- سنٹرل گورنمنٹ کو علاقے میں خرچ کرنے پر مقامی لوگوں کی ضرورت کو مدنظر رکھا جائے گا
- یونیورسٹی آف سنٹرل لنکاشائر اور دوسرے اینکرز کے ساتھ مل کر ہنگامی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے مناسب اقدامات کرنا

اس ایجنڈے کو بہتر طور پر کام کرنے کے لئے کونسل لیڈرشپ مناسب بحالی کے لئے ایل ای پی کے ریکوری سٹریٹیجی اور گریٹر لنکاشائر پلان میں مقامی کمیونٹی کو مرکزی مقام دیا جائے گا۔






